تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام مجلّہ : سہ ماہی اسلامائزیشن (جنوری۔مارچ ۲۰۰۴ء)
مدیر اعلیٰ : ظفر اقبال خان
ضخامت : 160 صفحات ۔ قیمت : 50روپے
ملنے کا پتہ : اسلامائزیشن انسٹیٹیوٹ' حویلی بہادر شاہ' جھنگ

توحید اسلام کا اہم ترین عقیدہ ہے۔اللہ تعالیٰ اپنی ذات وصفات میں ہر طرح کے شرک سے مبرا ہے۔لیکن خود اسلام کو ماننے والے اور مسلمان کہلانے والے اس عقیدے کے سلسلہ میں طرح طرح کی غلط فہمیوں اور جہالت میں مبتلا ہیں۔ جب توحید کی صحیح تفہیم نہ ہوگی تو عمل متاثر ہوگا اور طرح طرح کے توہمات کے لئے گنجائش پیدا ہوگی۔ اس گنجائش کا امکان صرف توحید خالص ہی سے ختم کیا جا سکتا ہے' جس کی راہ میں ابلیس سب سے بڑی رکاوٹ ہے' جو چاہتا ہے کہ مسلمانوں کے عقیدۂ توحید میں کمزوری پیدا کر کے ان پر نجاتِ اخروی کا دروازہ بند کر دے۔ ہر مسلمان کا فرض ہے کہ وہ اس مسئلے کی اہمیت کا احساس کرے اور بلا تعصب قرآن وحدیث کی روشنی میں صحیح نتیجے پر پہنچے۔عقیدۂ توحید میں رسوخ بہت ضروری ہے' کیونکہ اسی پر دوسرے تمام عقائد کی بنیاد ہے۔ جو شخص عقیدۂ توحید کی اہمیت کو نہ جان سکا وہ ضرور شرک میں مبتلا ہو کر گمراہی میں جا پڑے گا۔ اس کتاب میں توحید کی اہمیت اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ مسلمان مومن ہونے کے باوجود مشرک نہ بنیں۔ جیسا کہ سورۂ یوسف میں ہے کہ اللہ پر ایمان رکھنے والے لوگوں میں سے بہت سے مشرک ہیں۔ (یوسف:۱۰۶)

فاضل مدیر نے اس مجلّہ میں عقیدۂ توحید کی اہمیت اور اخلاق وکردار اور اعمال وافعال پر اس کے اثرات بڑی وضاحت کے ساتھ پیش کر دیئے ہیں۔ مجلّہ ٹھوس دلائل اور مسکت براہین پر مشتمل ہے۔اس کا مطالعہ ہر طرح کے شکوک وشبہات دور کر دے گا۔